

# ابتدائی بچپن کی تعلیم اور نگہداشت کی خدمات کے مراکز میں اپنے بچے کی سمت بندی میں مدد کرنا

fka CHILDREN'S SERVICES INC

**URDU**

ابتدائی بچپن کی تعلیم میں ایک مثبت آغاز نہایت ہی ضروری ہے۔ یہ ضروری ہے کہ آپ اور آپ کے اہل خانہ خیر مَقدم، محفوظ اور تعاون یافتہ محسوس کریں۔ خدمت مرکز کا پہلا دن اس پر مشتمل ہوتا ہے کہ آپ کا بچہ دوسرے بچوں کو جانے اور اپنے اساتذہ، معلمین اور دیگر ابتدائی بچپن کے ماہرین کے ساتھ ایک اعتماد کا رشتہ قائم کرے۔

وکٹوریہ میں ابتدائی بچپن کی تعلیم اور نگہداشت کی خدمات کے مراکز کی رہنمائی *وکٹورین ابتدائی سالوں کی تعلیم اور ترقی کا فریم ورک* (VEYLDF) کرتا ہے۔ یہ فریم ورک اساتذہ کو یہ وضاحت کرتا ہے کہ بچوں کی 'شناخت اور ان کے خاندان اور ثقافت کی تاریخ ان کی تعلیم اور ترقی کو تشکیل دیتی ہیں۔ بچے خیر مقدم محسوس کرتے ہیں اور بہتر رنگ میں سیکھتے ہیں جب ماہرین ان کی مخصوص شناخت کا احترام کرتے ہیں اور اسے تسلیم کرتے ہیں' (VEYLDF، 2016، صفحہ۔ 12)۔ یہ سمجھ بُوجھ اُس حکمت عملی کی تائید کرے گی جو اساتذہ آپ کی اور آپ کے بچے کی ان کی سمت بندی کے دوران اور ان کے نئے ابتدائی بچپن کی تعلیم اور نگہداشت کی خدمات کے مرکز میں ڈھل جانے کی مدّت کے دوران مدد کرنے کے لئے اپناتے ہیں۔

ابتدائی بچپن کی تعلیم اور نگہداشت کی خدمات کے مراکز اساتذہ اور اہل خانہ کے مابین باہمی شراکت داری کو ایک معیاری پروگرام کی بنیاد کے طور پر دیکھتے ہیں۔ شروع سے ہی قابلِ احترام تعلقات کا ہونا ایک اعلی معیار کی خدمت کی جانب واضح اشارہ کرتا ہے۔ آپ اساتذہ سے توقع رکھ سکتے ہیں کہ وہ نرم مزاج اور استقبال کرنے والے ہوں گے اور وہ آپ کی خاندانی زبان کو استعمال کرنے کے لئے حوصلہ افزائی کریں گے۔

اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ آپ کو مناسب طور پر آگاہ کیا گیا ہے اور یہ کہ آپ کو اُس زبان میں سوال پوچھنے اور مزید معلومات حاصل کرنے کا موقع ملا ہے جو آپ سب سے زیادہ آرام سے بولتے ہیں، خدمات ایک ٹیلیفون مترجم کے ذریعہ آپ کے ساتھ بات چیت کرنے میں مدد فراہم کر سکتی ہیں۔ جب آپ کا بچہ خدمت مرکز کے ساتھ ایک مضبوط رشتہ اور تعلق کا احساس پیدا کر رہا ہو تو اس دوران ایک ایسا مددگار کارکن جو آپ کی خاندانی زبان بولتا ہو، وہ کچھ مدّت تک آپ کے بچے کی مدد کے لئے دستیاب ہوسکتا ہے۔

معیاری ابتدائی بچپن کی تعلیم اہل خانہ کو 'بچوں کے سیکھنے اور ترقی کے عمل میں بنیادی اثر' مانتی ہے (VEYLDF، 2016، صفحہ۔ 9)۔ اساتذہ اہل خانہ کی رائے اور ابتدائی سالوں کے پروگرام میں ان کی شمولیت کی قدر کرتے ہیں اور طلب کرتے ہیں۔ یہ نہ صرف اساتذہ کے طریقہ کار کی اطلاع دیتا ہے بلکہ اس سے بچوں کو ان کی تعلیم اور دیکھ بھال کے ماحول اور گھریلو ماحول میں موجود لوگوں کے مابین اعتماد، تحفظ اور روابط پیدا کرنے میں بھی مدد ملتی ہے جس سے تدریسی نتائج میں اضافہ ہوتا ہے۔ اہل خانہ سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ خدمت مرکز کے ساتھ مشغول ہوں اور ابتدائی اجلاسوں کے دوران حاضر رہیں۔ اس سے آپ کے بچے کو محفوظ محسوس کرنے میں مدد ملتی ہے اور اس سے آپ کو بھی یہ سمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ جب آپ کا بچہ مرکز میں آپ کے بغیر ہوتا ہے تو وہاں کیا ہوتا ہے۔

آپ کو اور آپ کے بچے کو خدمت مرکز سے واقف کرانے میں مدد کرنے کے لئے آپ کے ابتدائی بچپن کی خدمات کے مرکز کے پاس سمت بندی کا منصوبہ ہوگا۔ یہ اس میں شامل ہوسکتا ہے؛

- باضابطہ حاضری شروع ہونے سے پہلے اپنے بچے کے ساتھ خدمت مرکز کا دورہ کرنا
- خود کو اور اپنے بچے کو آرام دہ محسوس کرانے میں مدد کرنے کے لئے مختصر اجلاس شروع کرتے ہوئے طویل اجلاس منعقد کرنا۔

*fka* بچوں کی خدمات
18 ہارپر اسٹریٹ، ایبٹس فورڈ VIC 3067
fkacs@fka.org.au | 03 9428 4471
www.fka.org.au | فیس بک FKACS@

آپ کے ابتدائی بچپن کے اساتذہ آپ کے ساتھ وقت گزاریں گے اور وہ آپ سے آپ کے بارے میں اور آپ کے بچے کے بارے میں کچھ سوالات پوچھیں گے۔ اس سے وہ آپ کے بچے کی ضروریات کو بہتر طور پر سمجھ سکیں گے اور اس سے انہیں ایک ایسا پروگرام بنانے میں مدد ملتی ہے جو آپ کے بچے کے لئے سیکھنے کے مواقع اور مثبت نتائج کو بڑھانے والا ہو۔

ابتدائی بچپن کی خدمات کا مرکز آپ سے جو معلومات اپنے ساتھ شیئر کرنے کے لئے مانگ سکتا ہے اس کی چند مثالیں درج ذیل ہیں؛

- بچوں کی صحت کے بارے میں معلومات – حفاظتی ٹیکوں کے ریکارڈ، طبی ضروریات، بیماریاں یا الرجی۔
- نیپی (بچے کا لنگوٹ) تبدیل کرنے کی ترجیحات، بیت الخلا جانے کی ترجیحات اور گھریلو عادتیں۔
- بچے جو کھانا کھاتے ہیں، کھانہ کھانے کے وقت کی عادتیں/ طریقہ کار۔
- بچوں کے آرام/نیند کی ضروریات۔
  - کیا وہ چارپائی پر، اپنے بستر پر یا والدین کے ساتھ سوتے ہیں؟
  - کون سے گانے اُنہیں آرام پہنچا سکتے ہیں؟
  - کیا ان کی کوئی پسندیدہ کتاب، کوئی خاص کھلونا یا کمبل ہے؟
  - وہ دن میں عام طور پر کن اوقات میں آرام کرتے ہیں/سوتے ہیں؟
- آپ کے خاندان کے لئے کون سی تقریبات اور روایات اہم ہیں؟
- اگر آپ کے پاس اساتذہ کے ساتھ شیئر کرنے کے لئے کوئی اور معلومات ہیں تو وہ اس کا خیرمقدم کریں گے۔
- آپ کے پاس اپنے بچے کے بارے میں بھی معلومات ہوں گی جو آپ چاہیں گے کہ اساتذہ کو بھی معلوم ہوں اور جو آپ کے بچے کے ساتھ مشغول ہونے میں ان کی مدد کریں گی۔

## ابتدائی بچپن کی خدمات کے مرکز میں سیٹ ہونے کے دوران اپنے بچے کی مدد کرنے کے دیگر طریقے

- اپنے بچے کے ساتھ مرکز میں وقت گزاریں – اپنے بچے کو مرکز کے معمولات کی وضاحت کریں، اس کے ساتھ کھیلیں، کہانیاں پڑھیں اور اپنی زبان میں گانے گائیں۔
- دوسرے بچوں کے ساتھ بات چیت کرنے میں ان کی مدد کریں۔ یہ اس طرح سے کر سکتے ہیں کہ دوسروں کے ساتھ بیٹھنے، دوسرے بچوں کا اپنا تعارف کروانے، سرگرمیوں اور کھیلوں میں شامل ہونے کے لئے ان کی حوصلہ افزائی کرنا۔
- اپنے بچے اور دوسرے لوگ جو وہی زبان بولتے ہیں، اُن کے ساتھ بات کرنے میں وقت گزاریں۔
- اپنے بچے کے ساتھ بات کریں کہ ان کا تجربہ کیسا رہا ہے اور وہ کیسا محسوس کر رہے ہیں: انہیں یقین دلائیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کو معلوم ہو کہ اس کے اساتذہ کون ہیں، ان کے نام اور یہ کہ اگر انہیں کسی مدد کی ضرورت ہو تو وہ ان کے پاس جاسکتے ہیں۔ اُنہیں آپ کے سامنے اپنے اساتذہ کے نام بتانے کی مشق کرنے اور مدد مانگنے کے لئے کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کریں۔
- ہمیشہ جانے سے پہلے الوداع کہیں اور اپنے بچے کو یقین دلائیں کہ آپ بعد میں واپس آئیں گے۔ جانے سے پہلے کسی استاد اور/یا دوسرے بچوں کے ساتھ کسی سرگرمی میں شامل ہونے میں اپنے بچے کی مدد کرکے اُسے سیٹ کرنا ایک اچھا خیال ہے۔
- بچوں کے حاضر ہونے سے پہلے کی رات/صبح میں اُن کے ساتھ مرکز کے معمولات اور ماحول کے بارے میں بات چیت کریں تاکہ انہیں سوال پوچھنے کا اور آپ کو ان کی تشویشات کو دُور کرنے کا موقع مل سکے۔
- یاد رکھیں کہ خدمت میں آپ کے عرصے کے دوران آپ کے بچے کے اساتذہ اور معلمین آپ کی اور آپ کے بچے کی مدد کرنے کے لئے حاضر ہیں۔

**حوالہ جات**

محکمہ تعلیم و تربیت، 2016۔ *وکٹورین ابتدائی سالوں کی تعلیم اور ترقی کا فریم ورک*۔